© rasailojaraid.com



**جشنِ ایران** | الحق کا اداریہ متعلق جشن ایران و فرزند قادیاں نیز بابت مودودی صاحب و جشن ایران دیکھ کر دل باغ باغ ہوگیا۔ دل سے دعا ہے کہ حق تعالیٰ جل شانہٗ حق گوئی و بیباکی کی توفیق مزید عطا فرمائے۔ اور عمر میں برکت عطا فرما کر اس کا ہر لمحہ نصرتِ دین اور اعلاء کلمۃ اللہ میں مصروف رکھیں اور آپ اپنا بندہ مقبول بنائیں۔ والسلام۔ (مولانا محمد اسحاق صدیقی نیو ٹاؤن کراچی)

---

**الحق کا اداریہ** | صدر پاکستان کے مشیر مالیات ایم ایم احمد کے سلسلہ آپ کا اداریہ پڑھ کر جھومنے لگا۔ اور بے ساختہ دل سے دعائیں نکلیں۔ یہ مسئلہ آج تک ہماری سمجھ میں نہ آیا کہ ہماری حکومت منکرین ختم نبوت وجہاد کو آخر اتنا عزیز کیوں سمجھتی ہے۔؟ بہرحال آپ حضرات نے اپنا فرض ادا کیا اور خوب! مولائے قدوس بہتر اجر عطا فرمائے ـــــ اے کاش حکومت اس حقیقت کو سمجھتی کہ ؎

خدا جانباز شاہد ہے کہ ہر فتنہ انہیں سے ہے غلام احمد نہ ہو فتنہ کا بانی ہو نہیں سکتا

فقط والسلام (مولانا محمد سعید الرحمٰن علوی۔ حضرو)

---

**ایک ضروری تصحیح** | الحق بابت ماہ رمضان ۱۳۹۱ھ میں ایک کتاب "وفات سرور کائنات" پر تبصرہ لکھتے ہوئے قلم سے یہ فقرات ٹپک پڑے کہ "نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی تاریخ وفات کے بارے میں مختلف روایات مروی ہیں جن میں سے ۹ ربیع الاول زیادہ قرین قیاس ہے اور اہل تحقیق کا ایک طبقہ یہی تاریخ وفات بتاتا ہے ـــــ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی تاریخِ وفات کے بارے میں اختلاف نہیں بلکہ تاریخ ولادت کے بارے میں مختلف فیہ روایات ہیں اور ان میں سے ۹ ربیع الاول زیادہ قرین قیاس ہے۔ مولانا سلمان منصور پوریؒ صاحب "رحمۃ اللعالمین" نے اس پر بحث کی ہے ـــــ قلم کی اس سہو پر قارئین الحق سے معذرت خواہ ہوں۔

والسلام۔ (اختر راہی)

دیرینہ، پیچیدہ، جسمانی، روحانی امراض کے خاص معالج

**جمال شفاء خانہ رجسٹرڈ**

نوشہرہ صدر
دہلی روڈ لاہور کینٹ